بندش کا توڑ

اشرفی کتب سلسلہ اشاعت (۷)

مولانا سید خواجہ معز الدین اشرفی
خلیفہ شیخ الاسلام علامہ سید محمد مدنی اشرفی جیلانی حفظہ اللہ
خطیب جامع مسجد محمدی کشن باغ حیدرآباد

₹ 2/-

ادارۂ تحقیقات علمیہ حیدرآباد (رجسٹرڈ)
www.islamic786.org
ashrafimessage@gmail.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قرآن مجید میں سات آیات ایسی ہیں جن میں "حفاظت" کا ذکر آیا ہے ان آیات کی تلاوت ہر قسم کی بندش کا توڑ ہے۔

بندش ایک طریقہ سحر یعنی جادو ہے اس کے ذریعہ بعض کمینے لوگ اپنے عزیز واقارب، دوست احباب کو اُن کی تجارت، ملازمت، صحت، عزت، بچوں کی تعلیم، شادی بیاہ میں رکاوٹ پیدا کرنے کے لئے مشرکین یا بدعمل مسلمان عاملین کے ذریعہ شیاطین کی مدد سے بندش کرواتے ہیں۔

کسی کو نقصان پہنچانے کے لئے بندش کرنے اور کروانے والے مسلمانوں کو تکلیف دینے والے لعنتی ہیں، یہ لوگ عنقریب غضب الٰہی کا شکار ہونگے، اُن کے شر سے بچنے اور بندش کو توڑنے کے لئے قرآن مجید کی سات آیات جو اس مکتوب میں درج ہیں اِن کی صبح نماز فجر کے بعد اور شام نماز عشاء کے بعد گیارہ مرتبہ تلاوت بندش کا بہترین توڑ ہے۔ ابتداء اور انتہا تین، تین مرتبہ درود شریف پڑھا جائے۔

ان اذکار کی تاثیر کے لئے نماز کی پابندی، حلال رزق اور اپنی کوشش کے مطابق ہر قسم کے گناہوں سے بچنا ذاکر پر لازم ہے۔

اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

(1)

وَ لَا یَـُٔوۡدُہٗ حِفۡظُہُمَا ۚ وَ ہُوَ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ ﴿۲۵۵﴾ (سورۂ بقرہ/آیت ۲۵۵)

(2)

فَاللّٰہُ خَیۡرٌ حٰفِظًا ۫ وَّ ہُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ ﴿۶۴﴾ (سورۂ یوسف/آیت ۶۴)

(3)

وَ حَفِظۡنٰہَا مِنۡ کُلِّ شَیۡطٰنٍ رَّجِیۡمٍ ﴿۱۷﴾ (سورۂ الحجر/آیت ۱۷)

(4)

وَ حِفۡظًا مِّنۡ کُلِّ شَیۡطٰنٍ مَّارِدٍ ۚ﴿۷﴾ (سورۂ الصّٰفّٰت/آیت ۷)

(5)

وَ حِفۡظًا ؕ ذٰلِکَ تَقۡدِیۡرُ الۡعَزِیۡزِ الۡعَلِیۡمِ ﴿۱۲﴾ (سورۂ حٰمٓ السجدہ/آیت ۱۲)

(6)

اِنَّ بَطۡشَ رَبِّکَ لَشَدِیۡدٌ ﴿۱۲﴾ اِنَّہٗ ہُوَ یُبۡدِئُ وَ یُعِیۡدُ ﴿۱۳﴾ وَ ہُوَ الۡغَفُوۡرُ الۡوَدُوۡدُ ﴿۱۴﴾ ذُو الۡعَرۡشِ الۡمَجِیۡدُ ﴿۱۵﴾ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیۡدُ ﴿۱۶﴾ ہَلۡ اَتٰىکَ حَدِیۡثُ الۡجُنُوۡدِ ﴿۱۷﴾ فِرۡعَوۡنَ وَ ثَمُوۡدَ ﴿۱۸﴾ بَلِ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا فِیۡ تَکۡذِیۡبٍ ﴿۱۹﴾ وَّ اللّٰہُ مِنۡ وَّرَآئِہِمۡ مُّحِیۡطٌ ﴿۲۰﴾ بَلۡ ہُوَ قُرۡاٰنٌ مَّجِیۡدٌ ﴿۲۱﴾ فِیۡ لَوۡحٍ مَّحۡفُوۡظٍ ﴿۲۲﴾ (سورۂ البروج/آیت ۱۲ تا ۲۲)

(7)

اِنۡ کُلُّ نَفۡسٍ لَّمَّا عَلَیۡہَا حَافِظٌ ﴿۴﴾ (سورۂ الطارق/آیت ۴)

آیات کا ترجمہ

آپ کی معلومات کے لئے حضور سید محمد اشرفی، محدث اعظم ہند رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ترجمہ "معارف القرآن" سے ان آیات کا ترجمہ نقل کیا جارہا ہے، ملاحظہ ہو۔

(۱) اور نہیں بار ہوتی اس کو نگہبانی دونوں کی۔ اور وہی بلند و برتر ہے (سورۂ بقرہ/آیت ۲۵۵)

(۲) اللہ سب سے بڑھ کر نگرانی فرمانے والا ہے۔ اور وہی سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم فرمانے والا ہے۔ (سورۂ یوسف/آیت ۶۴)

(۳) اور بچایا ہم نے اُسے ہر شیطان مردود سے۔ (سورۂ الحجر/آیت ۱۷)

(۴) اور بچاؤ ہر شیطان سرکش سے۔ (سورۂ الصّٰفّٰت/آیت ۷)

(۵) اور نگہبانی کو یہ ہے مقدر فرمانا عزت والے علم والے کا۔ (سورۂ حٰمٓ السجدہ/آیت ۱۲)

(۶) بے شک تمہارے رب کی پکڑ یقیناً سخت ہے، بے شک وہ پہلے پیدا کرے اور وہی دوبارہ پیدا کرے، اور وہی ہے مغفرت فرمانے والا بڑا پیار والا، عرش مجید والا ہے، درگزرنے والا جو چاہے، کیا آئی تمہارے پاس لشکروں کی بات؟ فرعون و ثمود کی، بلکہ کافر لوگ جھٹلانے میں ہیں، اور اللہ انہیں ان کو اِدھر اُدھر سے گھیرے میں رکھنے والا ہے، بلکہ وہ قرآن مجید ہے، لوح محفوظ میں۔ (سورۂ البروج/آیت ۱۲ تا ۲۲)

(۷) کوئی جان نہیں، مگر اس پر ایک نگہبان ہے۔ (سورۂ الطارق/آیت ۴)

نوٹ: درج ذیل آیت مبارکہ کو لکھ کر اپنے گھر اور کاروبار کی جگہ میں ایسا آویزاں کرنا کہ آنے جانے والوں کی نظر اس آیت پر پڑتی رہے تو یہ عمل بھی بندش کا بہترین توڑ ہے۔

وَ حِفۡظًا مِّنۡ کُلِّ شَیۡطٰنٍ مَّارِدٍ ۚ﴿۷﴾ (سورۂ الصّٰفّٰت/آیت ۷)

ترجمہ: اور بچاؤ ہر شیطان سرکش سے۔

ایک اور طریقہ بندش

بندش کو توڑنے ہر شر سے بچنے اور خیر کے پانے کا یہ بھی ایک طریقہ ہے کہ سورۂ فاتحہ کو ہر دن بعد نماز فجر یا بعد نماز عشاء اس ترکیب سے تلاوت کی جائے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے شروع کریں۔

اتوار کو	اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۙ﴿۲﴾ چھ سو سولہ 616 مرتبہ
پیر کو	الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۙ﴿۳﴾ چھ سو انیس 619 مرتبہ
منگل کو	مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ؕ﴿۴﴾ دو سو بیالیس 242 مرتبہ
چہار شنبہ کو	اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ؕ﴿۵﴾ آٹھ سو چھپن 856 مرتبہ
جمعرات کو	اِہۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ۙ﴿۶﴾ ایک ہزار تہتر 1073 مرتبہ

جمعہ کو	صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡہِمۡ ۙ آٹھ سو سینتیس 837 مرتبہ
ہفتہ کو	غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡہِمۡ وَ لَا الضَّآلِّیۡنَ ﴿۷﴾ چار ہزار دو سو تینتیس 4233 مرتبہ

اس ترکیب سے سورۂ فاتحہ کا ذکر بندش کے توڑ کا بہترین عمل ہے لیکن اس ذکر کو صرف اپنے بچاؤ اور حفاظت کے لئے ہی پڑھے، کسی کو نقصان پہنچانے کی نیت ہرگز نہ کریں ورنہ فائدہ کے بجائے نقصان ہوگا۔

آیاتِ شفاء

قرآن مجید میں سورۂ فاتحہ کے علاوہ مختلف سورتوں کی چھ آیات کو "آیاتِ شفاء" کہا جاتا ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور سورۂ فاتحہ کے ساتھ ان آیات کی تلاوت کرکے ہر قسم کی جسمانی اور روحانی امراض میں مریض پر دم کرے یا پانی پر دم کرکے پانی مریض کو پلائیں یا چینی کی رکابی پر لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں تو مریض اِن شاء اللہ جلد شفاء یاب ہوگا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ﴿۱﴾ مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ﴿۲﴾ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ﴿۳﴾ اِہۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ﴿۴﴾ صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡہِمۡ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡہِمۡ وَ لَا الضَّآلِّیۡنَ ﴿۵﴾

(1) وَ یَشۡفِ صُدُوۡرَ قَوۡمٍ مُّؤۡمِنِیۡنَ ﴿۱۴﴾ (سورۂ توبہ/آیت ۱۴)

(2) وَ شِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوۡرِ ۙ وَ ہُدًی وَّ رَحۡمَۃٌ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ ﴿۵۷﴾ (سورۂ یونس/۵۷)

(3) یَخۡرُجُ مِنۡۢ بُطُوۡنِہَا شَرَابٌ مُّخۡتَلِفٌ اَلۡوَانُہٗ فِیۡہِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ (سورۂ نحل/آیت ۶۹)

(4) وَ نُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ مَا ہُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحۡمَۃٌ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ ۙ (سورۂ بنی اسرائیل/آیت ۸۲)

(5) وَ اِذَا مَرِضۡتُ فَہُوَ یَشۡفِیۡنِ ﴿۸۰﴾ (سورۂ شعراء/آیت ۸۰)

(6) قُلۡ ہُوَ لِلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا ہُدًی وَّ شِفَآءٌ ؕ (سورۂ حٰمٓ السجدہ/آیت ۴۴)

صالحین میں سے کسی کا لڑکا بخار میں مبتلا ہوا اور علاج سے جب شفاء نہ ہوئی تو خواب میں حضور ﷺ کے دیدار پُرانوار سے وہ مشرف ہوئے اور حضور ﷺ سے اپنے لڑکے کے مرض کی شکایت کی، آپ ﷺ نے آیات شفاء کی انہیں تعلیم عنایت فرمائی، انہوں نے ان آیات کو ایک برتن پر لکھ کر پانی سے دھو کر اپنے بیمار لڑکے کو پلایا تو اسے صحت ہوگئی۔ یہ روایت امام قشیری رحمۃ اللہ علیہ سے ماثور ہے، یہ مجرب ہے۔1

بندش کا ایک اور آسان طریقہ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سفید مرغ رکھا کرو کیونکہ جس گھر میں یہ ہوگا وہ گھر اور اس گھر کے آس پاس والے گھروں کے قریب شیطان نہ جائے گا اور جادو کا اثر نہ ہوگا۔2

ادارۂ تحقیقات علمیہ حیدرآباد (رجسٹرڈ)
ہمارے دعوتی پمفلٹس کو خرید کر ایصال ثواب کے لئے تقسیم کیجئے۔
ملنے کا پتہ: مکتبہ انوار المصطفیٰ 6/75/2-2-23 مغلپورہ حیدرآباد
موبائل نمبر 7386 46 8386 - 9603512570

1۔ بیماری اور اسکا روحانی علاج / ڈاکٹر میر ولی الدین / ص ۲۱۱
2۔ لقط المرجان احکام الجان / امام جلال الدین سیوطی بحوالہ معجم اوسط طبرانی۔

اشرفی آفسٹ پریس: 7386467386-9603512570